© rasailojaraid.com

## منقبت اصحاب رسول ﷺ

عاشقانِ احمد مختار اصحاب رسول ﷺ — شیفتگانِ سید ابرار اصحاب رسول ﷺ
دین کے پرجوش خدمتگار اصحاب رسول ﷺ — کفر سے بھی اس قدر بیزار اصحاب رسول ﷺ
ان میں ہیں صدیق و فاروق و غنی سے نامدار — اور کوئی حیدرِ کرار اصحاب رسول ﷺ
کوئی ان میں امین الأمة پاتا ہے لقب — ہے کوئی قہار کی تلوار اصحاب رسول ﷺ
بطحا گر مہاجر ہو کے خدمت میں رہے — طیبہ والے بھی ہوئے انصار اصحاب رسول ﷺ
آج بھی بدر و احد ہیں جن کی سطوت کے گواہ — ایسے تھے جانباز اور جرار اصحاب رسول ﷺ
رات دیکھو تو عابد رُکّعًا اور سُجّدًا — دن کو فوجوں کے علم بردار اصحاب رسول ﷺ
بزم میں تھے رحماء بينهم تو رزم میں — تھے اشداء على الكفار اصحاب رسول ﷺ
الله فوجِ اعداء کے مقابل یہ ثبات — ہوتے تھے مرصوص اک دیوار اصحاب رسول ﷺ
مال و زر کیا چیز نقد جاں تک بھی دے چکے — تھے سراپا پیکر اصحاب رسول ﷺ
جو رضواعنه سے پائی رضی الله کی سند — وہ رضائے حق کے تھے حقدار اصحاب رسول ﷺ
سابقین و ماہرین علم قرآن و حدیث — واقعی تھے مخزن اسرار اصحاب رسول ﷺ
ہے متن قولِ خدا تفسیر قولِ مصطفےٰ — حاشیہ چاہو تو ہے گفتار اصحاب رسول ﷺ
عابد و کاسب مبلغ اور خلیق بے بدل — ایسی ہر صفتوں کے جوہر دار اصحاب رسول ﷺ
شان و شوکت قیصر و کسریٰ نے کھودی ہو گئے — ان کی عظمت کے دھنی اکبار اصحاب رسول ﷺ
آج تک جتنے ہوئے اور ہوں گے جو ایمان دار — بے شبہ ان سب کے ہیں سردار اصحاب رسول ﷺ
زندگی کے ہر مسائل اور اک اک موڑ پر — یاد آتے ہیں مجھے ہر بار اصحاب رسول ﷺ

منقبت مسطور ہے فائز کلام الله میں
امت احمد ﷺ میں ہیں اخیار اصحاب رسول ﷺ

# خطبات جمعہ

عنوان: قُولُوا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

## میاں محمد جمیل ایم اے

درج ذیل مقامات پر خطبات جمعہ ارشاد فرمائیں گے

10 مارچ — مرکزی مسجد قلعہ لال چند میر پور خاص (سندھ)
14 اپریل — مرکزی مسجد اہل حدیث باغ (آزاد کشمیر)
19 مئی — مرکز نداء الاسلام رینالہ خورد (اوکاڑہ)
23 جون — مرکز اہل حدیث مینگورہ (صوبہ سرحد)
21 جولائی — فیصل آباد شہر

## میاں صاحب کی تصنیفات

**فہم القرآن** ابن کثیر' رازی و دیگر عربی تفاسیر کا خلاصہ اور تفسیر ثنائی' معارف' تدبر' تفہیم القرآن کے اہم نکات پر مشتمل جدید و قدیم علوم کا سنگھم جس میں رواں ترجمہ اور تفسیر بالحدیث کا التزام۔ جلد اول پانچ پاروں پر مشتمل 15 فروری 2006ء سے دستیاب ہوگی۔ ان شاء اللہ

**امتیازِ تفسیر** لفظی ترجمہ۔ آیت کے مسائل کی الگ الگ نشان دہی' ہر آیت کے مرکزی مضمون کی تفسیر بالقرآن کے ذریعے ایک مکمل تقریر۔

**فہم الحدیث** مشکوٰۃ المصابیح سے متفق علیہ اور بخاری و مسلم کی مکمل روایات۔ اس کے مطالعہ سے تعلیم یافتہ طبقہ کو 80 فیصد مسائل کسی عالم سے پوچھنے کی ضرورت نہیں رہتی۔ اس اہمیت اور مقبولیت کی بناء پر دو سال میں 6 مرتبہ چھپ چکی ہے۔

**قیمت سیٹ** -/600 روپے۔ مگر براہِ راست منگوانے والوں کو خصوصی رعایت کی جائے گی۔

**دیگر تصانیف:** انبیاء علیہم السلام کا طریقہ دعا۔ دین تو آسان ہے ☆ زکوٰۃ کے مسائل و فوائد۔ ☆ آپ ﷺ کا تہذیب و تمدن ☆ مشکلات کیوں؟ نکلنے کے الہامی راستے۔ ☆ آپ ﷺ کا حج سیرت ابراہیم علیہ السلام۔ ☆ آپ ﷺ کی نماز (قیام و سجود کی عملی تصویر) ☆ برکاتِ رمضان۔ ☆ اتحادِ امت و نظم جماعت۔ ☆ فضیلت قربانی اور اس کے مسائل۔ ☆ جادو کی تباہ کاریاں ...... ان کا شرعی علاج

**ملنے کے پتے** نعمانی کتب خانہ۔ مکتبہ سلفیہ۔ مکتبہ اسلامیہ۔ دارِ ارقم فیصل آباد و لاہور


© rasailojaraid.com